رمضان نے مجھے کیا سکھایا؟
ہر سحر، ہر افطار۔۔۔ایک نیا سبق، ایک نیا احساس
مصنفہ: طاہرہ فاطمہ
tahira.fatima158@outlook.com

رمضان نے مجھے کیا سکھایا

مصنفہ

طاہرہ فاطمہ

انتساب

میرے پیارے **"امی اور ابو"** کے نام!

جن کی دعاؤں کی چھاؤں میں میری ہر دعا نے اثر پایا۔ جن کی قربانیوں، تربیت، اور بے لوث محبت نے مجھے زندگی کا سلیقہ سکھایا۔ جن کی آنکھوں کی روشنی میں میرا خواب پروان چڑھا، اور جن کے سجدوں کی نمی نے میری راہوں کو روشن کیا۔

میری یہ کوشش، میری یہ تحریر، میرے رب کے بعد اگر کسی کا حق ہے تو وہ آپ دونوں کا ہے۔

طاہرہ فاطمہ

فہرست مضامین

پیش لفظ

جب میں نے اس کتاب کا پہلا جملہ لکھا، میرے دل میں صرف ایک خواہش تھی: "کاش میرے الفاظ کسی کے دل کو چھو لیں۔۔۔ جیسے رمضان نے میرے دل کو چھوا تھا۔"

یہ تحریر علم کی بنیاد پر نہیں، بلکہ احساس کی شدت پر لکھی گئی ہے۔ رمضان کا ہر لمحہ، ہر سحر، ہر افطار، ہر دعا... میرے دل میں کوئی نہ کوئی سوال چھوڑ جاتا تھا۔ اور انہی سوالوں کے جواب، میں نے خود اپنے اندر ڈھونڈے۔ یہ کتاب میری طرف سے آپ سب کے لیے ایک دعوت ہے — دل کے ساتھ رمضان جینے کی، نہ صرف گزارنے کی۔ اگر میری یہ سادہ سی کوشش، کسی ایک دل کو بھی رب کی طرف پلٹنے میں مدد دے دے، تو میں سمجھوں گی، میری کتاب کا مقصد پورا ہو گیا۔

طاہرہ فاطمہ

9 شوال المکرم 1446ھ

8 اپریل 2025

ضبطِ نفس: بندگی کا پہلا زینہ

ہر انسان کے اندر ایک طاقتور دریا بہتا ہے۔۔۔ خواہشات کا دریا۔۔۔ یہ دریا نفس کی سرزمین میں بہتا ہے، جسے اگر چھوڑ دیا جائے تو وہ سب کچھ بہا لے جاتا ہے۔۔۔ حیا، غیرت، مقصد، عبادت، حتیٰ کہ انسان کی انسانیت بھی۔

رمضان میں ہم نے پہلی بار سیکھا کہ اس دریا کو بند بھی کیا جا سکتا ہے۔۔۔ ہم نے "چاہنے کے باوجود" خود کو روکا۔ اور اسی لمحے، ایک عجیب سی روشنی دل میں اترنے لگی۔ کیوں؟ کیونکہ وہی لمحہ عبودیت کا نقطۂ آغاز تھا۔ جب ایک بندہ اپنی چاہت کو رب کی چاہت کے نیچے رکھ دیتا ہے، وہ بندہ عام انسان نہیں رہتا۔۔۔ وہ "عبد" بننے لگتا ہے۔

رمضان میں ہم نے کھانے، پینے، سونے اور یہاں تک کہ غصہ، نفرت اور کینہ جیسے جذبات پر بھی قابو پایا۔ لیکن یہ صرف ایک تربیت تھی۔۔۔ اصل امتحان تو اب شروع ہوا ہے۔ قرآن کہتا ہے:

"وَأَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهِۦ وَنَهَى ٱلنَّفْسَ عَنِ ٱلْهَوَىٰ فَإِنَّ ٱلْجَنَّةَ هِىَ ٱلْمَأْوَىٰ" (النازعات: 4140)

"اور جو اپنے رب کے حضور کھڑے ہونے سے ڈرتا رہا اور نفس کو بری خواہشات سے روکتا رہا، تو یقیناً جنت اس کا ٹھکانہ ہے۔

یہ آیت گویا رمضان کا نچوڑ ہے۔ ہم نے جو خود کو روکا، وہ محض ثواب کمانے کے لیے نہیں تھا، بلکہ اپنے نفس کو جہنم کے راستے سے موڑنے کے لیے تھا۔

علماء کے مطابق نفس کی تین حالتیں ہوتی ہیں: نفسِ امّارہ—جو برائی کا حکم دیتا ہے۔ نفسِ لوّامہ—جو برائی پر ملامت کرتا ہے۔ نفسِ مطمئنہ—جو اللہ سے راضی، اور اللہ جس سے راضی۔ رمضان میں ہم نے شاید پہلی بار اپنے نفسِ امّارہ کو دبایا اور نفسِ لوّامہ کی آواز سنی۔ وہ دل کی خلش۔۔۔ وہ احساسِ ندامت۔۔۔ وہ آنکھ سے بہتا آنسو۔۔۔ یہ سب دل کے بیدار ہونے کی علامت تھے۔ اور اگر ہم نے مسلسل کوشش کی، تو ہمیں نفسِ مطمئنہ کی طرف بڑھنے کا موقع ملا۔۔۔ وہ مقام جہاں خواہشات مات کھا جاتی ہیں، اور اللہ کی رضا سب کچھ بن جاتی ہے۔

نفس ہمیں دھوکہ دیتا ہے، یہ کہہ کر: "بس تمہارا دل خوش ہو جائے، باقی سب ثانوی ہے۔" مگر رمضان ہمیں سکھاتا ہے: "تمہارا دل صرف رب کی رضا سے خوش ہو، ورنہ یہ سکون تمہیں بظاہر ملے گا، حقیقت میں چھن جائے گا۔"

ہم نے دیکھا: روزہ کی حالت میں ایک نظر، ایک جھوٹ، ایک غصہ بھی دل کا سکون چھین لیتا تھا۔اور اللہ کے لیے رو لینا، کسی کو معاف کر دینا، بھوکا سونا۔۔۔دل کو روشنی سے بھر دیتا تھا۔ یہ وہ مقام ہے جہاں انسان کو دو حقیقتوں کا علم ہوتا ہے: خواہش پوری ہونے میں لذت ہے، لیکن اللہ کے لیے روکنے میں نور ہے۔

نفس کہتا ہے: "خود کو خوش کرو" اور روح کہتی ہے: "اللہ کو راضی کرو، تم خود بخود خوش ہو جاؤ گے"۔ ہم سمجھتے ہیں روزہ بھوکا رہنے کا نام ہے، لیکن نہیں۔۔۔ روزہ دل کے تخت پر نفس کی بادشاہت کو ہٹا کر رب کی حکمرانی قائم کرنے کا اعلان ہے۔

روزہ کہتا ہے: "اگر تم اپنی بھوک پر قابو پا سکتے ہو، تو تم اپنی شہوت پر بھی قابو پا سکتے ہو۔ اگر تم پانی کے قطرے کو اللہ کی اجازت کے بغیر نہیں پیتے، تو تم کسی کا دل بھی رب کی رضا کے خلاف نہیں توڑ سکتے۔"

اب میرے دل سے ایک سوال ہے: رمضان تو چلا گیا، لیکن کیا میں اپنی نگاہ، اپنی زبان، اپنی نیت، اپنے نفس کو قابو میں رکھ رہی ہوں؟ کیا میں اس "نفس" سے لڑ رہی ہوں، یا اس کے ہاتھوں ہار مان چکی ہوں؟ کیا میں اپنے نفس کو روز رب کے سامنے پیش کرتی ہوں اور کہتی ہوں: "یا اللہ! آج بھی میں نے تیری رضا کو اپنی رضا پر مقدم رکھا۔۔۔"

رمضان کے بعد کی اصل جنگ "میں چاہتا ہوں" اور "اللہ کیا چاہتا ہے" ہوتی ہے۔ جب کوئی بات دل کو بھا جائے، لیکن شریعت روکے۔۔۔ جب زبان کچھ کہنے کو مچلے، لیکن ضمیر روک لے۔۔۔ جب نظر بھٹکنے لگے، لیکن تقویٰ سنبھال لے۔۔۔ یہی وہ لمحات ہوتے ہیں جہاں رمضان کا اصل سبق یاد آتا ہے۔ کیونکہ ضبطِ نفس، ایک دفعہ کے صبر کا نام نہیں۔۔۔ بلکہ ہر دن، ہر لمحہ، ہر فیصلہ۔۔۔ اللہ کی رضا کو اپنی رضا پر ترجیح دینا ہے۔

کبھی سوچا؟ ہم روزہ افطار کرتے وقت پانی کو لبوں تک لا کر، اذان کا انتظار کرتے ہیں۔ اگرچہ ایک لمحے کی تاخیر بھی تکلیف دہ ہوتی ہے، پھر بھی ہم اذان کے بغیر نوالہ نہیں لیتے۔ یہی ہمارا عملی اعلان ہوتا ہے: "یا اللہ! تو کہے گا تب ہی میں اپنی خواہش پوری کروں گا۔۔۔" اگر ہم صرف اس ایک سبق کو اپنی زندگی میں اتار لیں۔۔۔ تو ہم واقعی رمضان سے کچھ پا گئے۔

آخر میں ایک التجا، ایک دعا ہے: "یا رب! ہم کمزور ہیں، ہمارا نفس ہم پر حاوی ہو جاتا ہے۔۔۔ لیکن تُو سب سے بڑا ہے۔ ہمیں وہ قوت عطا فرما، جو خواہش کے سمندر کو عبور کر جائے، ہمیں وہ قلب عطا فرما، جو ہر فیصلہ تیری رضا کے تابع کرے۔ اور ہمیں وہ آنکھیں عطا فرما، جو تیرے خوف سے نم رہیں۔۔۔"

خاموشی کی طاقت: زبان کی حفاظت کا سبق

رمضان وہ موسمِ نور ہے، جب دل بولنے لگتے ہیں اور زبانیں خاموش ہو جاتی ہیں۔ یہ وہ لمحے ہوتے ہیں جب انسان کو پہلی بار یہ شعور حاصل ہوتا ہے کہ "بولنا ایک طاقت ہے۔۔۔اور خاموش رہنا، اس طاقت کا اختیار۔"

ہم نے محسوس کیا کہ خاموشی صرف الفاظ کی کمی نہیں، بلکہ "روح کا رب کی طرف جھکنا" ہے۔ جب انسان خود کو روک لیتا ہے، تو رب اُس کے دل کی طرف متوجہ ہو جاتا ہے۔ اس رمضان، ایک نیا منظر دل میں اُبھرنے لگا۔۔۔ میں چپ تھی، لیکن میرا ضمیر بول رہا تھا۔ میں خاموش تھی، لیکن میری روح رب سے سوال کر رہی تھی:

"یارب! کیا تو میرے سکوت کو بھی سن رہا ہے؟"

اور دل کے کسی گوشے سے جواب آیا:

"ہاں، میں تمہارے صبر کو، تمہاری خاموشی کو، تمہاری ٹوٹ پھوٹ کو جانتا ہوں۔۔۔"

روزہ صرف پیٹ کا بھوکا رکھنا نہیں۔۔۔ یہ زبان کی پیاس بجھانے سے بھی رکنے کا نام ہے۔ ہم نے سیکھا کہ کسی کو نیچا دکھانے سے رک جانا، بدلے کے لفظوں کو نگل لینا، دلیل کی جگہ دعا کو ترجیح دینا اور جذبات کے شور میں خاموشی کا انتخاب کرنا یہ سب ضبطِ نفس کی وہ سطحیں ہیں جہاں انسان "ظاہر" سے نکل کر "باطن" میں داخل ہوتا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

"كلمة طيبة صدقة"

"اچھی بات کہنا بھی صدقہ ہے۔" (صحیح بخاری)

اور کبھی تو بات اچھی ہو کر بھی غیر ضروری ہوتی ہے۔ رمضان میں میں نے پہلی بار محسوس کیا کہ بعض اوقات خاموشی ہی سب سے بڑا صدقہ ہے۔۔۔ کیونکہ وہ دلوں کو بچا لیتی ہے۔۔۔ رشتوں کو جوڑ لیتی ہے۔۔۔ دل کے اندر اک سکون بسا دیتی ہے، جو بولنے سے پہلے کبھی نصیب نہ تھا۔ خاموشی صرف چپ رہنا نہیں۔۔۔ ایک شعور ہے۔ ارشاد باری تعالی ہے:

مَا يَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ إِلَّا لَدَيْهِ رَقِيبٌ عَتِيدٌ" (ق: 18)

"انسان جو بھی بات کرتا ہے، اُس پر نگران مقرر ہوتا ہے، ہر وقت تیار رہنے والا۔"

یہ آیت رمضان میں مجھ پر ایسے کھلی جیسے پہلے کبھی نہ کھلی تھی۔ مجھے لگا جیسے ہر لفظ، ہر جملہ، ہر ردعمل کسی غیبی قلم میں نقش ہو رہا ہے۔ تو میں کیوں نہ خاموش ہو جاؤں؟ کیوں نہ اپنے ہر لفظ سے پہلے "اللہ کا خوف" اور "اللہ کی رضا" کو دیکھوں؟

اکثر ہم سمجھتے ہیں کہ دعا وہ ہے جو الفاظ سے کی جائے، مگر رمضان نے سکھایا کہ خاموشی بھی ایک سجدہ ہے۔۔۔ وہ سجدہ جو انسان زبان سے نہیں، دل سے کرتا ہے۔ جب دل کی گہرائیوں سے ایک آہ نکلے: "یا اللہ! میں سب کہہ سکتی تھی، مگر تیری رضا کے لیے خاموش رہی۔۔۔" تو شاید وہ آہ، ہزاروں دعاؤں سے زیادہ مقبول ہو جاتی ہے۔

اب جب رمضان جا چکا ہے۔۔۔ کیا میں زبان کی حفاظت جاری رکھوں گی؟ کیا میں ہر بات کہنے سے پہلے رکوں گی؟ کیا میں وہ دل بن سکوں گی، جو کہنے سے پہلے سوچے: "کیا یہ رب کی رضا کا ذریعہ بنے گا؟"

اے ربِ کریم! ہماری خاموشیوں کو عبادت بنا دے، ہمارے ضبط کو نیکی بنا دے، ہمارے الفاظ کو ایسا نور عطا فرما جو دلوں کو روشن کرے، نہ کہ زخمی۔ ہمیں وہ

سکوت عطا کر جو تجھ سے قریب کرے، اور وہ زبان دے جو تیری رضا کے سوا کچھ نہ کہے۔ بس یہی دعا ہے۔۔۔اور یہی عہد بھی۔ آمین یارب العالمین!

وقت کی قدر: رمضان کا چھپا ہوا خزانہ

رمضان آیا۔۔۔ اور جیسے ہی آیا، وقت کی رفتار بدل گئی۔ ہر دن بھاگنے کی بجائے تھم سا گیا، فجر کے بعد کی دھیمی روشنی، عصر کے بعد کی خاموشی، افطار سے پہلے کی بے چین دعائیں، قرآن کی تلاوت کے درمیان گزرتے ہوئے وہ انجان لمحے۔۔۔ یہ سب ہم سے کچھ کہنے لگے "اب میں قیمتی ہوں۔۔۔ مجھ سے وہ لو جو باقی مہینوں میں کھو گیا تھا۔ میں لمحہ ہوں۔۔۔ میں وقت ہوں۔۔۔ اور میں تمہیں رب سے جوڑنے آیا ہوں!"

ہم نے دیکھا: سحری کے چند لمحے اذکار میں گزرے، تو پورا دن ہلکا لگنے لگا۔ قرآن کی ایک آیت صبح کے وقت پڑھی، اور دل شام تک روشن رہا۔ افطار سے ایک منٹ پہلے مانگی گئی دعا، دل کے سب پردے ہٹا گئی۔ یہ وہی لمحے تھے جنہیں ہم باقی سالوں میں ضائع کر دیتے تھے، اور رمضان نے ہمیں پہلی بار بتایا کہ:

"وقت صرف گھڑی کی سوئیاں نہیں، یہ تمہاری زندگی کے صفحات ہیں جن پر تمہارے اعمال لکھے جا رہے ہیں۔" ہم نے جانا کہ وقت ایک "نعمت" ہے اور اس نعمت پر بھی پوچھا جائے گا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"دو نعمتیں ایسی ہیں جن میں بہت سے لوگ خسارے میں رہتے ہیں: صحت اور فراغت۔" (صحیح بخاری)

رمضان نے سکھایا کہ فرصت کوئی معمولی چیز نہیں بلکہ وہ لمحہ ہے جو یا تو نیکی بن سکتا ہے، یا حسرت۔ ہم نے محسوس کیا: جب فجر کا وقت گزرتا ہے، اور ہم سوتے رہتے ہیں۔۔۔ صرف وقت نہیں جاتا، ایک "موقع" جاتا ہے۔۔۔ ایک "تقرب کا لمحہ" جاتا ہے۔۔۔ جب ہم دن کا وقت فضول باتوں میں گنوا دیتے ہیں۔۔۔ صرف منٹ نہیں گرتے، بلکہ "ثواب کے سکے" چھن جاتے ہیں۔ رمضان میں وقت کو ہم نے شمار کیا۔۔۔ "ابھی دو رکعت پڑھ سکتے ہیں، ابھی ایک سورت سن سکتے ہیں، ابھی ایک دعا مانگ سکتے ہیں۔۔۔"

اور جب عید آئی۔۔۔ تو لگا جیسے وقت پر بھی پردہ پڑ گیا ہو۔۔۔ وہی وقت جو روشنی تھا، اب پھر سے بوجھ لگنے لگا۔ تب دل نے دھیرے سے کہا: "تم نے رمضان میں

وقت کو عبادت بنایا، کیا اب دوبارہ اسے غفلت میں بہادو گی؟"قرآن میں وقت کی قسم کھائی گئی:

"وَالْعَصْرِ ۝ إِنَّ الْإِنسَانَ لَفِي خُسْرٍ ۝ (العصر: 21)

"زمانے کی قسم، یقیناً انسان خسارے میں ہے۔"

رمضان میں یہ آیت مجھے بہت گہری محسوس ہونے لگی۔۔۔ ہم واقعی خسارے میں رہتے ہیں جب وقت صرف دنیا کے لیے استعمال کریں، اور رب کو بھول جائیں۔

اب سوال یہ ہے: رمضان جا چکا۔۔۔ کیا ہم اب بھی دن کے چند لمحے رب کے نام کر سکیں گے؟ کیا ہم وقت کے اس قیمتی احساس کو باقی گیارہ مہینوں میں بھی زندہ رکھ سکیں گے؟ یا صرف رمضان کا وقت ہی مقدس تھا، اور باقی سب ہماری مرضی؟

بس یہی دعا ہے یا اللہ! ہمیں وقت کی قدر عطا فرما، ہمیں ہر لمحہ تیری رضا کے لیے جینے کی توفیق دے، اور جب ہم گھڑی دیکھیں، تو دل میں یہ خیال آئے "اس وقت کے بدلے میں کل میں کیا لے کر جاؤں گا؟" آمین، یارب العالمین!

سادگی میں سکون ہے!

اس بار ہر سال کی طرح نہ افطاری کی رنگا رنگ میز سجی، نہ کپڑوں کی لمبی فہرست بنی، نہ بازاروں کی رونق دل کو کھینچ سکی۔۔۔اور پہلی بار احساس ہوا کہ جب زندگی سادہ ہوتی ہے، تو دل ہلکا ہوتا ہے۔۔۔اور جب دل ہلکا ہوتا ہے، تو رب قریب لگتا ہے۔

میں نے سیکھا۔۔۔کم کھانے سے پیٹ نہیں، دل بھرتا ہے۔ کم بولنے سے زبان نہیں، روح پاک ہوتی ہے۔ کم خرچ کرنے سے جیب نہیں، نفس آزاد ہوتا ہے۔ رمضان نے مجھے یہ سبق دیا کہ سادگی غربت نہیں، دانائی ہے۔ یہ وہ طرزِ زندگی ہے جو ہمیں دنیا کی چمک سے ہٹا کر، دل کے سکون کی طرف لے جاتی ہے۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن میں فرمایا:

وَكُلُوا وَاشْرَبُوا وَلَا تُسْرِفُوا إِنَّهُ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِينَ (الاعراف: 31)

"کھاؤ، پیو، مگر اسراف نہ کرو، بے شک اللہ فضول خرچی کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔"

ہم نے رمضان میں سادہ افطار سے روزے کھولے۔۔۔ کھجور، پانی، شاید ایک پھل۔۔۔اور دل نے کہا: "یہی برکت ہے۔۔۔ یہ قناعت ہے۔۔۔اور یہ ہی اصل سکون ہے۔"

رمضان نے سکھایا کہ ایک سادہ چٹائی پر قرآن کھولنا، صوفے پر بیٹھ کر فون گھمانے سے کہیں زیادہ قیمتی ہے۔ خاموشی سے افطار کرنا، ہنر مندی سے پکے کھانوں سے بڑھ کر تسکین دیتا ہے۔ کپڑوں کی چمک نہیں، نیت کی پاکیزگی اصل خوبصورتی ہے۔اور یہی سادگی ہمیں وہ دل کا سکون عطا کرتی ہے، جس کی تلاش میں ہم دنیا بھر کی مصروفیات میں بھٹکتے ہیں۔

میں نے یہ بھی محسوس کیا۔۔ ہمارے پیارے نبی ﷺ کی زندگی بے حد سادہ تھی، مگر دلوں پر حکمرانی کرتی تھی۔ ایک چٹائی، چند کھجوریں، ایک خالی کمرہ۔۔۔ مگر اس میں وہ سکون تھا جو آج کے محلوں میں بھی نہیں۔

رمضان ہمیں اُس سنت کی یاد دلاتا ہے۔۔۔ جہاں کم چیزیں، زیادہ برکت لاتی ہیں۔۔۔ جہاں کم الفاظ، زیادہ تاثیر رکھتے ہیں۔۔۔ جہاں سادہ زندگی، اعلیٰ سوچ پیدا کرتی ہے۔

اوراب سوال اپنے دل سے۔۔۔رمضان تو رخصت ہوا۔۔ لیکن کیا میں اس سادگی کو اپنے ساتھ لے کر جاؤں گی؟ کیا میں بازاروں کے شور کے بجائے دل کی خاموشی سے جڑ سکوں گی؟ کیا میں دکھاوے کی دنیا سے نکل کر رب کی رضا کی طرف پلٹوں گے؟

یااللہ! ہمیں دنیا کی چمک دمک سے بچالے، ہمارے دل کو قناعت دے، زبان کو شکر، اور زندگی کو سادگی عطا فرما۔ ہمیں وہ نظر دے جو چیزوں کی قیمت سے زیادہ ان کی برکت کو پہچانے، اور وہ دل دے جو تیرے قرب کو سب سے بڑی نعمت سمجھے۔ آمین یا رب العالمین!

قرآن سے رشتہ، دل سے جُڑنے کا ذریعہ

رمضان میں قرآن کچھ اور ہی لگتا ہے۔۔۔ جیسے کوئی پرانا، بھولا ہوا دوست، اچانک دل کے دروازے پر آکر کہے: "چلو، پھر سے بات کریں۔۔۔"ہم نے بچپن سے قرآن پڑھا، لیکن شاید رمضان پہلی بار وہ لمحہ لاتا ہے، جب ہم قرآن کو پڑھنے کے بجائے سننے لگتے ہیں۔ سننا۔۔۔ صرف کانوں سے نہیں۔۔۔ دل سے۔ جیسے ہر آیت

ہمیں ہماری اپنی کہانی سنا رہی ہو۔ ہر لفظ، جیسے ہمارے دل کے حال کا جواب ہو۔ ہر سطر، جیسے رب کی طرف سے خاص ہمارے لیے ہو۔

قرآن کہتا ہے:

"أَلَا بِذِكْرِ اللَّهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوبُ" (الرعد: 28)

"خبردار! دلوں کا سکون تو صرف اللہ کے ذکر میں ہے۔"

اور قرآن؟ وہ تو اللہ کا سب سے حسین ذکر ہے۔ ایسا ذکر، جو صرف زبان کو نہیں، روح کو چھو لیتا ہے۔ اس رمضان، میں نے پہلی بار محسوس کیا کہ قرآن فقط علم کا خزانہ نہیں، یہ محبت کا خط ہے۔۔۔ رب کی طرف سے بندے کے نام ایک ذاتی پیغام۔ جب ہم قرآن کھولتے ہیں، تو وہ صرف ہمیں احکام نہیں دیتا۔۔۔ وہ ہمیں اپنے قریب بلاتا ہے۔

کبھی کسی ڈرانے والی آیت سے آنکھ بھر آتی ہے۔۔۔ کبھی کسی وعدے پر دل خوشی سے لرزنے لگتا ہے۔۔۔ کبھی کسی قصے میں اپنا عکس نظر آتا ہے۔۔۔ اور کبھی کسی آیت میں وہ سکون، جس کی تلاش دنیا میں کبھی پوری نہ ہوئی۔

قرآن ہمیں بتاتا ہے کہ تمہارا درد چھپا نہیں، تمہاری دعائیں سنی جا رہی ہیں، تم گناہ گار ہو، مگر رب رحیم ہے۔ ہم سمجھتے ہیں قرآن صرف سمجھنے کے لیے ہے، مگر رمضان نے بتایا: قرآن کو محسوس بھی کیا جاتا ہے۔

روز تلاوت کرتے ہوئے کبھی آیت رک جاتی ہے۔۔۔ زبان پڑھتی رہتی ہے، مگر دل رک جاتا ہے۔ کیونکہ وہ آیت، بس دل کے اندر اُتر جاتی ہے۔ یہی قرآن سے رشتہ ہے۔۔۔ جسم سے نہیں، دل سے جڑنے کا۔ یہ رشتہ رمضان کے بعد بھی باقی رہے، تو ہی رمضان کامیاب ہے۔

اب سوال یہ ہے۔۔۔ رمضان تو گزر چکا ہے، مگر کیا میرا قرآن سے رشتہ باقی رہے گا؟ کیا میں روز ایک آیت سے دل جوڑنے کی کوشش کروں گی؟ کیا میں قرآن کو رب کی طرف سے اپنا ذاتی خط سمجھ کر کھولوں گی؟ کیا میں اس کے ہر حکم کو، ہر دعا کو، ہر قصے کو اپنے لیے پڑھوں گی؟

بس یہی دعا ہے "یا اللہ! قرآن کو ہم سب کے دل کا نور بنا دے۔۔۔ اس سے ہمارا رشتہ صرف الفاظ کا نہ ہو، احساس، ایمان، اور محبت کا ہو۔ قرآن صرف رمضان کی مہمانگی نہ کرے، ہماری زندگی کا ساتھی بن جائے۔۔۔ اور آخرت کی زندگی میں ہمارا رفیق رہے۔۔۔ آمین یارب العالمین!

اپنے رب سے بات کرنا

پہلے میں دعا مانگتی تھی۔۔۔ جیسے ایک رسمی عمل۔۔۔ ہاتھ اٹھائے، لبوں پر چند مانگیں، اور بس آگے بڑھ گئی۔ مگر رمضان آیا۔۔۔ تو اس نے دعا کا مفہوم بدل دیا۔ اب دعا، صرف الفاظ نہ رہے۔۔۔ یہ رب سے بات کرنے کا ذریعہ بن گئے۔

یہ وہ لمحے تھے، جب میں نے پہلی بار اللہ سے "بات کرنا" سیکھا۔۔۔ نہ عربی میں، نہ کسی خاص انداز میں۔۔۔ بس دل کی زبان میں، خاموشی میں، سجدے میں، آنسوؤں میں۔ رمضان نے مجھے سکھایا کہ دعا وہ پُل ہے، جو مخلوق کو خالق سے جوڑتا ہے۔۔۔ دعا وہ دروازہ ہے، جو ہمیشہ کھلا ہے۔۔۔ اور دعا وہ راز ہے، جو رب کے سوا کوئی نہیں سمجھتا۔

دن میں جب روزے کی تھکن چُور کرتی، رات کو جب تنہائی میں دل بے قرار ہوتا، تب بس ایک دُعا کافی ہو جاتی: "یا اللہ۔۔۔ تُو سن رہا ہے ناں؟" اور عجب بات یہ کہ دل مطمئن ہو جاتا۔۔۔ چاہے جواب نہ سنا، مگر محسوس کیا — کہ کسی نے سن لیا ہے، جواب دے دیا ہے۔۔۔ سکون کے لباس میں۔

قرآن کہتا ہے:

"ادْعُونِي أَسْتَجِبْ لَكُمْ" (غافر: 60)

"مجھے پکارو، میں تمہاری دعا قبول کروں گا"

لیکن رمضان نے بتایا کہ قبولیت صرف "نتیجہ" نہیں، احساس بھی ہے۔ جب دل خالی ہوتا ہے، اور ہم اسے رب کے سامنے رکھ دیتے ہیں تو وہ دعا بن جاتا ہے۔ کبھی یوں لگا کہ دعا قبول نہیں ہو رہی؟ رمضان نے سکھایا کہ "قبولیت کبھی تاخیر ہوتی ہے، کبھی تبدیلی۔۔۔اور کبھی وہی دعا، خود بندے کو بدل دیتی ہے۔"

اب جبکہ رمضان گزر چکا ہے۔اور میں ڈرتی ہوں، کہ کیا میں پھر اسی طرح اللہ سے بات کرتی رہوں گی؟ کیا دعا میری سانسوں کا حصہ بن جائے گی؟ یا میں پھر اُس رسمی عمل کی طرف لوٹ جاؤں گی؟ یااللہ! ہمیں وہ دُعا دے دے، جو دل سے نکلے، اور تجھ تک پہنچ جائے۔۔۔بے آواز، بے الفاظ، مگر بے حد قریب! معافی مانگنا، طاقت کی علامت ہے۔۔۔کمزوری نہیں

رمضان وہ مہینہ ہے، جب دل نرم پڑنے لگتے ہیں، آنکھیں نم ہو جاتی ہیں، اور وہ باتیں جو سال بھر دل میں دھری رہتی ہیں۔۔۔اچانک زبان پر آ جاتی ہیں۔یہی وہ

وقت ہوتا ہے جب ہمیں سب سے زیادہ معافی مانگنے اور سب سے پہلے معاف کرنے کی توفیق ملتی ہے۔ لیکن معافی مانگنا آسان نہیں ہوتا۔۔۔ کیونکہ انا بیچ میں آجاتی ہے، "میں کیوں جھکوں؟" دل کہتا ہے: "اگر میں نے معافی مانگ لی تو وہ خود کو صحیح سمجھے گا۔" مگر رمضان آکر سکھاتا ہے: "جو اپنے رب سے معافی مانگتا ہے، وہ جھکتا نہیں، بلکہ اٹھایا جاتا ہے۔۔۔"

قرآن ہمیں بار بار یاد دلاتا ہے:

"وَالْعَافِينَ عَنِ النَّاسِ وَاللَّهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ" (آل عمران: 134)

"اور وہ جو لوگوں کو معاف کر دیتے ہیں، اور اللہ احسان کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔"

یعنی معاف کرنا کمزوری نہیں۔۔۔ بلکہ یہ وہ بلند مقام ہے، جہاں انسان *خود کو* جیت لیتا ہے۔ ہم دن رات اللہ سے کہتے ہیں: "یا اللہ! مجھے معاف فرما دے۔۔۔" کیا کبھی ہم نے سوچا کہ اللہ بھی ہم سے چاہتا ہے کہ ہم دوسروں کو معاف کریں؟ رمضان کی راتیں گواہ ہیں۔۔۔ جب ہم روتے ہوئے سجدوں میں کہتے ہیں:

"اللهم إنك عفو تحب العفو فاعف عني"

"اے اللہ! تُو معاف کرنے والا ہے، معافی کو پسند کرتا ہے، پس مجھے معاف فرما دے۔۔۔"

تو کیا ہم اپنے دل میں بیٹھے اُن ناموں کو بھی معاف کرتے ہیں جنہوں نے ہمیں دکھ دیا؟ یا پھر ہماری زبان پر دعا ہے، اور دل میں کینہ؟ رمضان نے سکھایا۔۔۔ جس دن ہم معاف کرتے ہیں، اسی دن ہم آزاد ہوتے ہیں۔ جس لمحے ہم "سوری" کہتے ہیں، اسی لمحے ہم خود سے بڑا بننے لگتے ہیں۔

معافی مانگنا اس لیے مشکل ہے کیونکہ وہ ہمارے نفس کو توڑتی ہے۔۔۔ مگر یہی ٹوٹنا، رب کو سب سے زیادہ پسند ہے۔ کیونکہ وہ دل جو جھکتا ہے، وہ رب کے قریب ہوتا ہے۔ ہم نے دیکھا۔۔۔ کبھی کبھی کسی کو معاف کر دینے سے، دل کا بوجھ ایسا ہلکا ہو جاتا ہے کہ جیسے کوئی اندر سے آزاد ہو گیا ہو۔ اور کبھی کسی سے معافی مانگنے سے، آنکھوں سے وہ آنسو بہتے ہیں جو برسوں سے روکے گئے تھے۔

اب سوال یہ ہے کہ جب ہم اللہ سے معافی مانگتے ہیں، تو کیا ہم بندوں سے بھی معافی مانگنے کو تیار ہیں؟ جب ہم اللہ سے چاہتے ہیں کہ وہ ہمارے چھپے گناہ معاف کر دے، تو کیا ہم کسی کی چھوٹی غلطی کو معاف کر سکتے ہیں؟ کیا ہم رمضان کے بعد بھی وہ دل بنائیں گے جو انا کی دیواریں توڑ کر عاجزی کی راہ پر چلتا ہے؟

آخر میں دعا ہے اے اللہ! ہمیں وہ دل عطا کر، جو معافی مانگنے میں دیر نہ کرے۔۔۔ ہمیں وہ ظرف دے، جو کسی کو معاف کرنے میں تکبر نہ کرے۔۔۔ اور ہمیں وہ مقام عطا فرما، جہاں ہم تیری صفتِ عفو کے سائے میں جینے لگیں۔۔۔ آمین، یا رب العالمین!

رمضان نے مجھے میرے اصل سے ملوایا

رمضان، صرف عبادتوں کا موسم نہیں۔۔۔ یہ روح کی گہرائیوں میں اُترنے کا مہینہ ہے۔ جیسے کوئی آئینہ برسوں بعد صاف کیا جائے، ویسے ہی دل کا آئینہ رمضان میں چمکنے لگتا ہے۔اور پھر۔۔۔انسان پہلی بار اپنے آپ کو دیکھتا ہے۔

ہم اکثر خود کو اپنی مصروفیات، رشتوں، خواہشات، اور دنیا کے شور میں گم کر دیتے ہیں۔ ہم وہی بن جاتے ہیں جو لوگ ہمیں کہتے ہیں۔۔۔ ماں، بیٹی، دوست، طالبعلم۔۔۔ مگر رمضان آتا ہے اور آکر سوال کرتا ہے: "تم، اصل میں کون ہو؟ جب سب چھن جائے، تو کیا بچتا ہے؟ جب صرف تم اور تمہارا رب رہ جائے، تو تم کیا

ہو؟رمضان نے مجھے میرے اصل سے ملوایا۔ جب سحری کے وقت آنکھ کھلتی تو پورا گھر سورہا ہوتا۔۔۔اور تب میں نے پہلی بار جانا کہ خاموشی میں رب کی آواز سنائی دیتی ہے۔

جب افطار سے کچھ لمحے پہلے ہاتھ دعا کے لیے اٹھتے،اور آنکھیں خود بخود بھیگنے لگتیں، تو دل نے گواہی دی کہ "یہی ہے تو، تیرا اصل۔۔۔ایک محتاج،ایک سوالی،ایک کمزور۔۔۔جو صرف رب کے سامنے جھکتا ہے۔"

رمضان میں مجھے پتہ چلا کہ میں کتنا کچھ بننے کی کوشش کرتی رہی۔۔۔اور میرا رب مجھے صرف "عبد" دیکھنا چاہتا تھا۔قرآن، جو پہلے شاید صرف تلاوت کی کتاب تھی، رمضان میں دل کی آواز بن گئی۔جب اللہ فرماتا ہے:

"وَنَفْسٍ وَمَا سَوَّاهَا، فَأَلْهَمَهَا فُجُورَهَا وَتَقْوَاهَا، قَدْ أَفْلَحَ مَن زَكَّاهَا"

(الشمس: 9،7)

"قسم ہے نفس کی اور جیسا اُسے سنوارا، پھر اسے اس کی برائی اور پرہیزگاری سمجھا دی۔۔۔یقیناً وہی کامیاب ہوا، جس نے اسے پاک کر لیا۔"

مجھے لگا جیسے یہ آیت میرے اندر بول رہی ہے۔ رمضان میں نفس کی آواز کمزور اور روح کی آواز تیز ہو گئی۔ میں نے پہلی بار نفس کی چالیں محسوس کیں۔۔۔اور پہلی بار خود کو روکا۔ یہیں سے اصل سفر شروع ہوا۔

رمضان نے مجھے سکھایا کہ: میں صرف جسم نہیں، روح ہوں۔۔۔میری قدر دنیا سے نہیں، رب کی رضا سے ہے۔۔۔میری اصل وہ پل ہیں جب میں خاموش ہو کر رب کے حضور آنسو بہاتی ہوں۔۔۔میرا سکون مال، شہرت یا لوگوں کی توجہ میں نہیں۔۔۔بلکہ تنہائی کی اُس دعا میں ہے، جسے صرف رب جانتا ہے۔

لیکن اب سوال یہ ہے کہ کیا میں رمضان کے بعد بھی اپنی اس "اصل" کو یاد رکھ سکوں گی؟ یا پھر دوبارہ دنیا کی چمک دمک مجھے میرا اصل بھُلادے گی؟

میرے دل کی دعا ہے: یااللہ! رمضان نے مجھے مجھ سے ملوایا۔۔۔اب تُو مجھے خود سے جدا نہ ہونے دینا۔ وہ سکون، وہ قرب، وہ آنسو — جو رمضان میں تیرے ساتھ میرا رشتہ بناتے تھے۔۔۔انہیں باقی رکھنا، یارب۔

رشتوں کو نبھانے کا سلیقہ

رمضان۔۔۔ وہ موسمِ رحمت ہے جو صرف عبادت کا نہیں، محبت، معافی اور مروّت کا بھی سبق دیتا ہے۔

یہ مہینہ صرف رب سے تعلق جوڑنے کا نہیں، بلکہ مخلوق سے تعلقات سنوارنے کا موسم بھی ہے۔ یہ وہ لمحے ہیں جب بندہ اپنے نفس پر قابو پاتے ہوئے۔۔۔ دوسروں کو اپنے ظرف میں سمولیتا ہے۔ ہمیں پہلی بار احساس ہوا کہ عبادتیں صرف رب سے ملاتی ہیں، لیکن اچھے اخلاق رب کو ہم سے راضی کر دیتے ہیں۔ رمضان کے روزوں نے ہمیں بھوکا تو رکھا۔۔۔ مگر اناؤں کی فصیلیں گرادیں۔

ہم نے محسوس کیا کہ عبادتوں کا نور اگر ہمارے رویوں میں نہ اترے۔۔۔ اگر ہمارے دل میں نرمی نہ آئے۔۔۔ اگر ہمارے مزاج میں برداشت نہ جھلکے۔۔۔ تو پھر روزہ صرف ظاہری بھوک پیاس بن کر رہ جاتا ہے۔

ہم نے سیکھا کہ: بات کا جواب دینے کے بجائے چپ رہ جانا۔۔۔ عبادت ہے۔ کسی کا دل دکھانے کے بجائے اسے معاف کر دینا۔۔۔ بندہ نوازی ہے۔ حق پر ہو کر

بھی جھک جانا۔۔۔ رب کے قریب لے جاتا ہے۔ رشتوں کی گرہیں انا سے نہیں، عفو سے کھلتی ہیں۔

رسول اللہ ﷺ کا فرمان ہے:

"وہ شخص سب سے بہتر ہے جو اپنے اہل و عیال کے لیے بہتر ہو، اور میں تم سب میں اپنے گھر والوں کے لیے سب سے بہتر ہوں۔" (ترمذی)

رمضان نے یہ حدیث گویا دل پر کندہ کر دی۔ اکثر ہم باہر والوں کے ساتھ شائستہ ہوتے ہیں، اور اپنے گھر والوں پر اپنے غصے، تھکن اور بیزاری کا بوجھ ڈال دیتے ہیں۔ لیکن رمضان نے سکھایا۔۔۔ اصل اخلاق وہ ہے جو پردے کے پیچھے ہو۔ وہ زبان، جو نرمی سے والدین سے بات کرے۔ وہ دل، جو چھوٹی چھوٹی باتوں پر بہن بھائیوں کو معاف کر دے۔ وہ رویّہ، جو شریکِ حیات کے ساتھ برداشت کا پیکر بن جائے۔

قرآن کہتا ہے:

"وَلْيَعْفُوا وَلْيَصْفَحُوا أَلَا تُحِبُّونَ أَن يَغْفِرَ ٱللَّهُ لَكُمْ؟" (النور: 22)

"معاف کر دو، در گزر کرو۔۔۔ کیا تم نہیں چاہتے کہ اللہ تمہیں معاف کر دے؟

رمضان میں یہ آیت میرے دل پر ٹھہر گئی۔۔۔ جیسے رب نے مجھ سے کہا ہو: "اگر میری مغفرت چاہتی ہو۔۔۔ تو دوسروں کے لیے تمہارا دل بھی کشادہ ہونا چاہیے۔"

اور میں نے سیکھا کہ رشتے دلیل سے نہیں۔۔۔ دعا سے جیتے جاتے ہیں۔ خلوص وہ طاقت ہے جو فاصلے مٹا دیتا ہے۔ بعض اوقات معافی مانگنے والا نہیں۔۔۔ معاف کرنے والا جیت جاتا ہے۔

اب جب رمضان گزر چکا ہے۔۔۔ تو اصل سوال یہ ہے: کیا میں اپنی زبان کی نرمی برقرار رکھ سکوں گی؟ کیا میں رشتوں کی قیمت پہ اپنی انا کو قربان کر سکوں گی؟ کیا میں اُن سے محبت کر سکوں گی، جو میری توقعات پر پورا نہ اترے؟

یارب! ہم نے رمضان میں ضبط سیکھا، درگزر کا ذائقہ چکھا، اور رشتوں کی قیمت جانی۔۔۔ اب ہمیں وہ دل دے، جو رمضان کے بعد بھی محبت کو چُنے۔۔۔ جو معاف کر کے ہلکا ہو جائے۔۔۔ اور جو تیری رضا کے لیے اپنے غصے کو پگھلا دے۔ آمین یا رب العالمین!

رمضان نے مجھے شکر گزاری کا سلیقہ سکھایا

رمضان کا مہینہ آیا، اور ہر روز ایک نئ نعمت کی پہچان ساتھ لے آیا۔ روزہ۔۔۔ ایک تربیت ہے۔۔۔ ایک ایسا سفر، جو صرف پیٹ کی بھوک نہیں، دل کی پیاس بھی جگا دیتا ہے۔

ایک افطاری کے وقت، جب پانی کا پہلا گھونٹ لبوں سے لگا۔۔۔ آنکھیں نم ہو گئیں۔ دل نے پہلی بار شدت سے محسوس کیا کہ "یہ صرف پانی نہیں۔۔۔ یہ اللہ کی محبت ہے، جو ہماری کمزوری پر مہربان ہوتی ہے۔" اسی لمحے دل میں ایک سوال جاگا: "جو رب پیاس کے بعد پانی دیتا ہے۔۔۔ وہ باقی وقتوں میں بھی کتنی دعائیں چپ چاپ پوری کرتا ہے؟"

رمضان نے ہمیں چھوٹی چھوٹی نعمتوں کا احساس دلایا: بجلی کا ہونا، اور کبھی کبھار چلے جانا۔۔۔ ماں کے ہاتھ کا کھانا۔۔۔ کسی کا بلا وجہ ہنس کر بات کر دینا۔۔۔ تندرستی میں سحری و افطار کرنا۔۔۔ یہ سب وہ لمحات ہیں جن میں اللہ کی مہربانی چھپی ہوتی ہے، بس دیکھنے والی آنکھ چاہیے۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ: نبی کریم ﷺ راتوں کو اتنی طویل نماز پڑھتے کہ قدم مبارک سوج جاتے۔ میں نے عرض کیا:

"یارسول اللہ! آپ تو معصوم ہیں، آپ کے اگلے پچھلے گناہ سب معاف ہیں۔۔۔"

تو آپ ﷺ نے فرمایا:

"أفلا أكون عبداً شكوراً؟"

"تو کیا میں اللہ کا شکر گزار بندہ نہ بنوں؟"(بخاری و مسلم)

اس ایک جملے نے شکر گزاری کا مفہوم بدل کر رکھ دیا۔ شکر صرف ملنے پر نہیں، بندگی کے جذبے سے ادا کیا جاتا ہے۔ رمضان نے دل میں یہ ادراک بٹھادیا کہ ہم رب کی نعمتوں کے محتاج ہیں۔۔۔ نہ صرف کھانے پینے میں، بلکہ ہر لمحہ، ہر سانس، ہر رشتے میں۔

رمضان کے آخری دنوں میں، جب تھکن اور سکون ایک ساتھ محسوس ہونے لگا، دل نے کہا: "یارب! تُو کتنا قریب ہے۔۔۔ میں نے سحری میں تھوڑا سا پانی مانگا، تُو نے برکت والا دن عطا کیا۔

میں نے افطاری میں دعا کی، تُو نے دل کو سکون بخشا۔ اب میں تُجھ سے مانگتی ہوں: اے میرے رب! مجھے ہمیشہ شکر گزار بندہ بنادے۔ "یہی تو اس کا وعدہ ہے:

"لَئِن شَكَرْتُمْ لَأَزِيدَنَّكُمْ" (ابراہیم: 7)

"اگر تم شکر کروگے، تو میں تمہیں اور زیادہ دوں گا۔"

رمضان گزر چکا ہے۔۔۔ لیکن اب سوال یہ ہے: کیا میں اب بھی چھوٹی چھوٹی چیزوں کا شکر ادا کروں گی؟ کیا میں ہر نعمت کو عطیہٗ ربانی سمجھوں گی؟ کیا میں شکر گزاری کو فقط زبان پر نہیں، عمل اور سوچ میں بھی اتار سکوں گی؟

یااللہ! ہمیں وہ آنکھ عطا کر جو نعمتوں کو پہچانے، وہ دل دے جو ہر حال میں راضی رہے، اور وہ زبان دے جو نہ صرف تیری حمد کرے۔۔۔ بلکہ تیری مخلوق کی شکر گزار بھی ہو۔ آمین، یارب العالمین!

دل کو پاک رکھنے کا ہنر

رمضان۔۔۔ وہ مہینہ جب نہ صرف بدن روزہ رکھتا ہے، بلکہ دل بھی بھوک محسوس کرنے لگتا ہے۔۔۔ سکون، صفائی اور روشنی کی بھوک۔اسی ماہ میں مجھے پہلی بار احساس ہوا کہ دل بھی کبھی کبھی روزے پر ہوتا ہے۔۔۔ وہ روزہ جو کینے سے بچاتا ہے، غصے کو روکتا ہے، اور تکلیف کے باوجود معاف کرنا سکھاتا ہے۔دن بھر کی بھوک پیاس کے بعد جب افطار کا وقت آتا، ایک عجیب سی نرمی دل پر اُترتی۔ جیسے رب کہہ رہا ہو: "اب تُو بھی نرم ہو جا، جیسے میں تیرے لیے مہربان ہوں۔"

ہم نے سیکھا کہ دل کا سب سے بڑا میل دوسروں سے نہیں، اپنے نفس سے ہوتا ہے۔۔۔ وہ انا، جو ہمیں معاف نہیں کرنے دیتی، وہ حسد، جو دوسروں کی خوشیوں کو دیکھ کر جلنے لگتی ہے، وہ شک، جو رشتوں کو توڑ دیتا ہے۔

اور تب مجھے نبی کریم ﷺ کا وہ مبارک چہرہ یاد آیا۔۔۔ جس پر کبھی نفرت کا سایہ تک نہ تھا۔طائف کے سنگ باری میں بھی دعائے خیر۔۔۔اُمّ جمیل کے کوڑے بھی

معافی میں لپٹے۔۔۔ اور احد کے زخموں کے بیچ بھی زبان پر فقط "اللھم اھدِ قومی فإنھم لا یعلمون"

میں نے سوچا۔۔۔ میرا دل اتنا نازک کیوں ہے؟ کسی کی بات چُبھ جائے تو دن بھر بے چین، کسی کا رویہ سخت ہو تو رات کی نیند غائب، آخر کب سیکھوں گی کہ دل کو پاک رکھنے کا مطلب صرف دوسروں کے لیے نرم ہونا نہیں، بلکہ اپنے رب کے لیے خود کو ہلکا کر دینا ہے۔

رمضان نے سکھایا: کہ دل میں جگہ کم نہیں۔۔۔ بس ہم نے انا سے بھری ہوئی ہے۔ کہ سکون کا راستہ انصاف سے نہیں، عفو سے نکلتا ہے۔ کہ وہ دل روشن ہو جاتا ہے، جو دوسروں کی غلطیوں کو نگل کر رب سے صرف اپنا رشتہ جوڑتا ہے۔

قرآن کہتا ہے:

يَوْمَ لَا يَنفَعُ مَالٌ وَلَا بَنُونَ، إِلَّا مَنْ أَتَى ٱللَّهَ بِقَلْبٍ سَلِيمٍ (الشعراء: 89،88)

جس دن نہ مال کام آئے گا، نہ بیٹے۔۔۔ بس وہ دل نفع دے گا جو اللہ کے حضور پاک ہو۔

میں نے خود سے پوچھا: کیا میرا دل سلیم ہے؟ کیا میں اس دل کے ساتھ اللہ کے حضور کھڑی ہو سکتی ہوں، جس میں شکوے بھرے ہوں، زخم بھرے نہ ہوں، اور محبت کم ہو گئی ہو؟

اب رمضان جا چکا ہے۔۔۔ مگر دل کا روزہ جاری ہے۔ اب بھی ہر دن اپنے آپ کو ٹٹولنا ہے کہ: کسی کو معاف کرنے میں کتنی تاخیر ہوئی؟ کسی کی خوشی پر دل نے کیسا ردِ عمل دیا؟ کسی کے زخم پر مرہم رکھا یا نمک؟ یہی اصل ہنر ہے۔۔۔ اور یہی رمضان کا تحفہ۔۔۔ دل کو پاک رکھنے کا فن، جو ہمارا دل رب کو سونپنے کے قابل بنادے۔

یارب! ہم سب کے دلوں کو ایسا بنادے جو تیرے ذکر سے بھر جائے۔۔۔ جو شکایت سے خالی، شکر سے لبریز ہو۔۔۔ اور جو تیرے بندوں کے لیے ویسا ہی نرم ہو، جیسا تُو ہمارے لیے ہے۔ آمین یارب العالمین!

خاموش خیر خواہی کا ہنر

رمضان۔۔۔ وہ مہینہ جو دلوں کو جھکا دیتا ہے، روحوں کو نرم کر دیتا ہے، اور خاموشی کو آواز دے دیتا ہے۔ یہ وہ وقت ہوتا ہے جب انسان ظاہری اعمال کے ساتھ

ساتھ باطنی نیکیوں کی طرف بھی متوجہ ہوتا ہے۔ اسی خاموشی میں، ایک ہنر دل میں اُترتا ہے۔۔۔ کسی کے لیے دل سے دعا کرنا، بغیر بتائے۔۔۔ بغیر کسی صلے کی امید کے۔

ہم نے رمضان میں پہلی بار یہ سیکھا کہ: ہر محبت کا اظہار ضروری نہیں۔۔۔ ہر خیر خواہی کو الفاظ کی ضرورت نہیں۔۔۔ بعض رشتے، بعض تعلق، صرف دعاؤں کے سہارے زندہ رہتے ہیں۔۔۔ اور بعض دعائیں، بے آواز ہو کر بھی عرش تک پہنچ جاتی ہیں۔۔۔

جب ہم سحر و افطار کے لمحات میں ہاتھ اُٹھاتے تھے، تو صرف اپنے لیے نہیں۔۔۔ کسی ایسے کے لیے بھی دعا نکل جاتی تھی، جس نے دل کو چھوا ہو، جس نے کبھی درد دیا ہو، یا جو زندگی کی کسی راہ پر بچھڑ گیا ہو۔

رمضان نے سکھایا کہ خیر خواہی صرف اپنوں کی نہیں ہوتی۔۔۔ بعض اوقات وہ ان کے لیے بھی ہوتی ہے۔۔۔ جو ہمیں کبھی اپنا نہ سکے۔ قرآنِ کریم میں ایک خوبصورت دعا ہے، جو اس خاموش خیر خواہی کا اعلیٰ ترین نمونہ ہے:

"رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِإِخْوَانِنَا الَّذِينَ سَبَقُونَا بِالْإِيمَانِ، وَلَا تَجْعَلْ فِي قُلُوبِنَا غِلًّا لِّلَّذِينَ آمَنُوا۔۔۔" (سورۃ الحشر: 10)

"اے ہمارے رب! ہمیں اور ہمارے اُن بھائیوں کو بخش دے جو ہم سے پہلے ایمان لائے،اور ہمارے دلوں میں ایمان والوں کے لیے کوئی کینہ نہ رہنے دے۔۔۔"

یہ آیت ہمیں سکھاتی ہے کہ اصل خیر خواہی وہ ہے جو دل کے پردوں سے ہو، بغض اور شکایت کے بغیر۔۔۔خالص رب کی رضا کے لیے۔

اب سوال یہ ہے: کیا میں رمضان کے بعد بھی دل سے دعائیں دیتی رہوں گی؟ کیا میں اُن لوگوں کے لیے بھی بھلائی مانگ سکوں گی، جو میرے لیے ویسا نہ سوچ سکے؟ کیا میں بے صدا محبت کا وہ چراغ جلائے رکھوں گی، جو صرف رب کی رضا کے لیے جلایا تھا؟

یارب! ہمیں وہ دل عطا کر، جو دوسروں کے لیے بھلائی چاہے، جو زبان سے نہیں، نیت سے محبت کرے، جو شکایت کے بجائے دعا دے۔۔۔ اور جو تیرے لیے، تیری خاطر۔۔۔خاموش خیر خواہی کو اپنی عبادت بنالے۔آمین یارب العالمین!

راتوں کی تنہائی میں اللہ کو پکارنا

رمضان کی راتیں۔۔۔ ساکت، پر سکون، اور نور سے بھری ہوئی۔ یہ وہ لمحے ہوتے ہیں جب پوری دنیا خاموشی کی چادر اوڑھے ہوتی ہے۔ مگر ایک در کھلا ہوتا ہے۔۔۔ رحمت کا در، قبولیت کا در، قربِ الٰہی کا در۔ یہ رمضان ہی تھا جب پہلی بار رات کے آخری پہر میری آنکھ خود بخود کھل گئی۔ نہ کسی الارم نے جگایا، نہ کسی صدا نے بلایا، بس دل نے سرگوشی کی: "اٹھ جاؤ، رب تجھے بلا رہا ہے۔۔۔"

میں اٹھی، وضو کیا، اور سجدے میں گر گئی۔۔۔ اور پہلی بار جانا کہ دعا صرف الفاظ نہیں ہوتی، یہ وہ کیفیت ہے جو آنکھ سے بہہ جاتی ہے، یہ وہ سکوت ہے جو عرش تک سنائی دیتا ہے۔ ان راتوں میں میں نے رب سے وہ باتیں کیں جو کسی انسان سے نہ کر سکی۔ میں نے اپنے ٹوٹے دل، اپنی الجھنیں، اپنے خوف، اپنی امیدیں۔۔۔ سب اس کے سامنے رکھ دیں۔

قرآن کہتا ہے:

"وَإِذَا سَأَلَكَ عِبَادِي عَنِّي فَإِنِّي قَرِيبٌ أُجِيبُ دَعْوَةَ ٱلدَّاعِ إِذَا دَعَانِ"

(البقرہ: 186)

"اور جب میرے بندے تم سے میرے بارے میں پوچھیں، تو بے شک میں قریب ہوں، میں دعا کرنے والے کی دعا قبول کرتا ہوں جب وہ مجھے پکارتا ہے۔"

رمضان نے یہ آیت میرے دل پر کندہ کر دی۔ مجھے لگا جیسے اللہ میرے قریب آ گیا ہو۔۔۔ یا شاید میں اُس کے قریب ہو گئی ہوں۔

اس ایک مہینے میں میں نے سیکھا کہ سجدے صرف فرض ادا کرنے کا نام نہیں، یہ دل کی گواہی ہیں۔ آنکھوں کے آنسو رب کی رحمت کو بلاتے ہیں۔ وہ خاموش دعائیں جو لفظوں میں نہیں ڈھل سکیں۔۔۔ رب اُنہیں بھی سن لیتا ہے۔

میں نے ان راتوں میں جب رب کو پکارا، تو ایسا لگا جیسے میری ہر بات اُس تک پہنچ گئی ہو، اور اُس نے میرے دل کو تھام لیا ہو۔ کبھی کبھی کچھ بدلا نہیں۔۔۔ مگر دل کے اندر ایک سکون اتر گیا۔۔۔ جیسے رب کہہ رہا ہو: "میں ہوں تمہارے ساتھ، بس تھوڑا صبر کرو۔۔۔"

اب جب رمضان اختتام پذیر ہو چکا ہے تو کیا میں ان راتوں کی وہ روشنی بچا پاؤں گی؟ کیا میں رمضان کے بعد بھی اُسی محبت سے رب کو پکار سکوں گی؟ کیا میری روح اسی خشوع کے ساتھ سجدے میں گرے گی؟

یا رب! رمضان کی تنہائیوں میں تو نے ہمیں وہ احساس دیا جو ساری دنیا نہ دے سکی۔۔۔ ہمیں وہ راتیں پھر عطا کرنا۔۔۔ وہ سجدے، وہ دعا، وہ تڑپ۔۔۔ رمضان کے بعد بھی ہمارے اندر زندہ رکھنا۔ ہمیں راتوں کی روشنی عطا فرما، اور وہ دل جو ہمیشہ تیری طرف لوٹتا رہے۔ آمین یارب العالمین!

رمضان نے مجھے عادتوں کی غلامی سے نجات دلائی

ہم سب زندگی کے کسی نہ کسی موڑ پر خود کو ایسی عادتوں کے حصار میں پاتے ہیں جو آہستہ آہستہ ہمیں اندر سے کھوکھلا کر دیتی ہیں۔ وہ عادتیں جو وقت کو نگلتی ہیں، سکون کو چھینتی ہیں، دل کو بے اطمینان کرتی ہیں۔ بعض اوقات ہم جانتے ہیں کہ ہمیں بدلنا ہے۔۔۔ مگر "عادت" کے نام پر خود کو معذور محسوس کرتے ہیں۔

پھر آتا ہے رمضان۔ رمضان نہ صرف عبادت کا موسم ہے بلکہ خود کو پانے کا موقع بھی ہے۔ یہ مہینہ گویا دل پر دستک دیتا ہے: "تم کمزور نہیں، تمہاری چاہتیں قید نہیں۔۔۔ تم جو چاہو، وہ بن سکتے ہو!"

ہم نے محسوس کیا کہ جو صبح سے شام تک اللہ کے حکم پر بھوکا پیاسا رہ سکتا ہے، جو سحری وافطاری کے وقت جاگنے کی ترتیب بنا سکتا ہے، جو ذکر، دعا، اور قرآن سے دل لگا سکتا ہے، وہ چاہے تو خود پر حاوی ہر عادت کو بدل سکتا ہے۔

رمضان نے ہمیں بتا دیا کہ ہم اپنے نفس کے غلام نہیں، بلکہ اپنی نیت کے بادشاہ ہیں۔ ہم نے سیکھا کہ وقت کی قدر ممکن ہے۔۔۔ اگر اذان کے وقت افطار کر سکتے ہیں تو باقی وقت کا نظم بھی سیکھ سکتے ہیں۔ سوشل میڈیا سے فاصلہ ممکن ہے۔۔۔ جب قرآن کی تلاوت دل کو بہالے جائے، تو باقی شور ماند پڑ جاتا ہے۔ غصے پر قابو، نیند کو ترتیب دینا، فضول باتوں سے بچنا۔۔۔ سب کچھ ممکن ہے، اگر دل میں ایک ہی شوق ہو "رب کی رضا!"

قرآن کہتا ہے:

"إِنَّ ٱللَّهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتَّىٰ يُغَيِّرُوا۟ مَا بِأَنفُسِهِمْ" (الرعد:11)

"بے شک اللہ کسی قوم کی حالت نہیں بدلتا، جب تک وہ خود اپنی حالت کو نہ بدلے"۔

رمضان میں ہمیں یہ تبدیلی کا راز سکھایا گیا۔۔۔ کہ پہلا قدم اللہ کی طرف بڑھاؤ، باقی سفر وہ خود آسان کر دیتا ہے۔

اب جب رمضان کے دن پیچھے رہ گئے ہیں۔۔۔ تو اصل سوال یہ ہے کہ کیا میں وہی نظم، وہی سکون، وہی ضبط اپنے باقی دنوں میں لا پاؤں گی؟ کیا میں اُن عادتوں کو واقعی پیچھے چھوڑ پاؤں گی، جو صرف وقت نہیں، روح بھی زائل کرتی تھیں؟

یااللہ! جس رمضان میں تُو نے ہمیں خود پر قابو پانے کا سلیقہ سکھایا، اُس سلیقے کو ہماری زندگیوں کا حصہ بنادے۔ ہمیں اُن بندھنوں سے آزاد کر دے جو تجھ سے دور کرتے ہیں۔۔۔ اور ایسی پاکیزہ عادتیں نصیب فرما، جو ہماری روحوں کو تیرے قریب کرتی رہیں۔ آمین، یارب العالمین!

خاموش عبادت کا راز

رمضان۔۔۔ صرف دن کا روزہ اور رات کی تراویح کا نام نہیں۔ یہ وہ مقدس مہینہ ہے جو انسان کے اندرونی شور کو خاموش کر کے، اسے رب کی قربت سے ہمکلام کر

دیتا ہے۔ یہ وہ وقت ہوتا ہے جب دل بولنے لگتے ہیں، اور زبانیں رک جاتی ہیں۔ جب عبادت، اظہار نہیں رہتی۔۔۔ راز بن جاتی ہے۔

اس رمضان، عبادت کے مفہوم نے ایک نیا رُخ لیا۔ مجھے محسوس ہوا کہ بعض اوقات سب سے خوبصورت عبادت وہ ہوتی ہے جو کسی کو معلوم نہیں۔ نہ کسی کو دکھانے کی خواہش، نہ سنوانے کی آرزو۔ بس ایک سجدہ، ایک آہ، ایک گم نام نیکی۔۔۔ اور اُس ذات کی بارگاہ میں پیش ہونا جس کے علم سے کوئی چیز چھپی نہیں۔

قرآن نے بھی دل کی اس حالت کو سراہا ہے:

"ادْعُوا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَخُفْيَةً إِنَّهُ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِينَ" (سورة الأعراف: 55)

"اپنے رب کو عاجزی اور چپکے چپکے پکارو، بے شک وہ حد سے بڑھنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔"

میں نے پہلی بار سمجھا کہ رب سے بات کرنے کے لیے بلند آواز نہیں، بلکہ جھکی ہوئی روح درکار ہے۔ وہ دعائیں جو سحر کی خاموشی میں دل سے نکلتی ہیں۔۔۔ وہ نفل جو سب کے سونے کے بعد تنہائی میں ادا کیے جاتے ہیں۔۔۔ وہ صدقہ جو دائیں ہاتھ

سے دیا جائے اور بائیں کو خبر نہ ہو۔۔۔ یہ سب خاموش عبادات ہیں، جو انسان کے باطن کو جگا کر، اسے رب سے جوڑ دیتی ہیں۔ رمضان نے سکھایا کہ نیکی وہ ہے جو چھپی ہو، دعا وہ ہے جو صرف دل جانے، اور عبادت وہ ہے جو "ریا" سے پاک ہو۔

مجھے لگا جیسے دل کہہ رہا ہو: اے رب! میں کچھ کہنا چاہتی ہوں۔۔۔ پر تو جانتا ہے، میں کچھ مانگنا چاہتی ہوں۔۔۔ پر تو سن لیتا ہے، میں کچھ دکھانا چاہتی ہوں۔۔۔ پر تو دیکھتا ہے، تو ہی کافی ہے۔۔۔ اس خاموش عبادت میں ایک عجیب قسم کا سکون ہے۔ ایسا سکون جو لفظوں سے چھن جاتا ہے، ایسا تعلق جو خاموشی سے پروان چڑھتا ہے۔

اور پھر یہ خاموش عبادت ہمارے کردار میں بھی جھلکتی ہے جب ہم کسی کی تکلیف دیکھ کر خاموشی سے دعا دے دیتے ہیں۔۔۔ جب ہم کسی کو معاف کر دیتے ہیں اور ذکر تک نہیں کرتے۔۔۔ جب ہم کسی کی مدد کرتے ہیں، اور دل ہی دل میں رب سے اس کے لیے بھلائی مانگتے ہیں۔۔۔ تو یہی لمحات وہ سچے سجدے بن جاتے ہیں جنہیں رب بہت پسند کرتا ہے۔

اب رمضان گزر گیا ہے۔۔۔ مگر یہ سوال میرے دل میں گونج رہا ہے کیا میں رمضان کے بعد بھی ایسی خاموش عبادت جاری رکھ سکوں گی؟ کیا میں اپنے اعمال کو دنیا کی آنکھوں سے بچا کر، صرف رب کی رضا کے لیے کر سکوں گی؟

یااللہ! ہمیں وہ عبادت عطا کر جو صرف تیری خاطر ہو۔ ہمیں وہ دل دے جو شور میں بھی تجھ سے خاموشی سے ہمکلام رہے۔ اور وہ عمل عطا فرما جس کا صلہ صرف تیری قربت ہو۔ آمین یارب العالمین!

روح کی بھوک کی پہچان

رمضان کی پہلی سحری کے بعد جب روزے کی نیت دل میں جاگی، تو جسم نے بھوک اور پیاس کی تیاری کر لی۔۔۔ لیکن روح نے ایک خاموش سوال کیا: "کب تک صرف جسم کو پالتی رہو گی؟ مجھے کب سیراب کرو گی؟"

یہ سوال پہلی بار نہیں تھا، لیکن اس بار دل نے سنا۔۔۔ کیونکہ دل روزے کی خاموشی میں بولنے لگا تھا۔ ہم نے جانا کہ صرف پیٹ کا خالی ہونا ہی فاقہ نہیں۔۔۔ اصل بھوک تو روح کی ہوتی ہے۔ جو سارا سال غفلت کی دھند میں ڈھکی رہتی ہے، دنیا کی دوڑ میں پیاسی رہتی ہے، اور خواہشات کے شور میں گم ہو جاتی ہے۔

دنیا ہمیں بتاتی ہے کہ زندگی "چاہنے" سے چلتی ہے۔ رمضان آکر سکھاتا ہے کہ اصل زندگی "چھوڑنے" سے ملتی ہے۔ ہم کھاتے نہیں، پیتے نہیں، صرف اس لیے

کہ کسی نے کہا۔۔۔ "میں دیکھ رہا ہوں۔" یہ ایک نگاہِ الٰہی کا شعور ہی تو ہے جو روح کو جھنجھوڑتا ہے۔

قرآن نے ایک راز کھولا:

قُلْ إِنَّ صَلَاتِي وَنُسُكِي وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِي لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ (الأنعام: 162)

"کہہ دو کہ میری نماز، میرے عبادات، میری زندگی اور میری موت سب اللہ کے لیے ہیں جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے۔"

اور ہم نے رمضان میں پہلی بار محسوس کیا کہ ذکر صرف تسبیح کے دانوں میں نہیں، بلکہ ہر اس لمحے میں ہے جب ہم اپنی خواہش کو رب کی رضا پر قربان کر دیتے ہیں۔

